AQF / Shabbir

07-01-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................... شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ انٹرپول کے ذریعے ریڈ کارنر نوٹسوں کو مربوط بنانے کیلئے آج Bharatpol پورٹل کا آغاز کرنے والے ہیں۔

2- دلی میں آسمبلی انتخابات سے قبل اعلیٰ چناوٗ دفتر نے حتمی ووٹر فہرست جاری کردی ہے۔ ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ رائے دہندگان کا نام درج کیا گیا ہے۔

3- نیپال میں آج صبح سات اعشاریہ ایک شدت کا زلزلہ آیا۔ بہار اور مغربی بنگال میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

4- کناڈا کے وزیراعظم Justin Trudeau نے اپنے استعفیٰ کا اعلان کیا ہے۔

5- اور : اسکواش میں بھارت کی اناہت سنگھ نے انگلینڈ کے برمنگھم میں 17 سال سے کم عمر لڑکیوں کے برٹش جونیئر اوپن ٹورنامنٹ میں سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

HOME MINISTER BHARATPOL

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں مرکزی جانچ بیورو CBI کے تیار کردہ Bharatpol پورٹل کا آغاز کریں گے۔ اِس کے تحت ریڈ کارنر نوٹس اور انٹرپول کے دیگر نوٹسوں سمیت انٹرپول کے ذریعے بین الاقوامی امداد کے لیے سبھی درخواستوں کے عمل کو مربوط کیا جا سکے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ CBI کے Bharatpol پورٹل کا آغاز ہونے کے تناظر میں آج کا دن ایک تاریخی اہمیت کا حامل دن ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے سبھی کے لیے محفوظ بھارت بنانے کے مودی سرکار کے نظریے کی تکمیل کے سلسلے میں بھارتی جانچ ایجنسیوں کو عالمی سطح پر اپنی رسائی میں وسعت حاصل ہو سکے گی۔

اِدھر امور داخلہ کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی سرکار نے ملک کی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو مستحکم بنانے کے لیے کئے اہم اقدامات کیے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Suparna**

*بھارت پول پورٹل سے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو بین الاقوامی پولیس امداد تک تیزی کے ساتھ رسائی کیلئے بروقت جانکاری دستیاب کرانے میں مدد ملے گی۔ سائبر جرائم، مالی جرائم، لوگوں کو آن لائن وسیلے سے انتہا پسندی کے راستے پر ڈالنے، منظّم جرائم، منشیات کی اسمگلنگ اور لوگوں کی غیر قانونی خرید و فروخت جیسے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے جانچ میں سہولت ہو سکے گی۔ CBI نے بھارت پول پورٹل تیار کرکے سبھی متعلقہ اداروں کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر لانے کا کام کیا ہے۔ اِس سے مختلف ملکوں میں جرائم کی روکتھام میں بھارت کی کوششوں کو تقویت ملے گی۔*

*دلی سے سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان*

جناب امت شاہ CBI کے اُن 35 افسروں کو پولیس میڈلس بھی پیش کریں گی جنھیں گرانقدر خدمات کے صلے میں صدرِ جمہوریہ کے پولیس میڈلس سے سرفراز کیا گیا ہے۔ وہ تحقیقات میں عمدہ کارکردگی کیلئے وزیر داخلہ کا میڈل بھی پیش کریں گے۔ اِس تقریب میں کئی ممتاز شخصیات اور مختلف وزارتوں اور محکموں کے اعلیٰ عہدیدار بھی شرکت کریں گے، جن میں وزارت خارجہ، وزارت داخلہ، DoPT، مرکزی ویجلینس کمیشن اور مرکزی پولیس تنظیمیں شامل ہیں۔x

## PM-SATYA NADELLA

وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں مائیکروسافٹ کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو افسر Satya Nadella سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ملک میں مائیکروسافٹ کے حوصلہ افزا سرمایہ کاری اور توسیع کے منصوبوں پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میٹنگ کے دوران انہوں نے جناب Nadella کے ساتھ ٹیک، اختراع اور مصنوعی ذہانت کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔x

## ELECTORAL ROLL DELHI

دلّی کے چیف انتخابی دفتر نے قومی راجدھانی دلّی کیلئے حتمی چناوٴ فہرستیں شائع کی ہیں۔ دفتر کے مطابق دلّی میں ایک کروڑ 55 لاکھ سے زیادہ رجسٹرڈ ووٹرس ہیں، جس میں 83 لاکھ مرد ووٹرس، 71 لاکھ سے زیادہ خاتون ووٹرس اور ایک ہزار 261 مخنث ووٹرس ہیں۔ مذکورہ دفتر نے بتایا ہے کہ پچھلے دو مہینوں میں 18 سے 19 سال کی عمر کے 52 ہزار سے زیادہ ووٹروں کو شامل کیا گیا ہے۔ دفتر نے کہا ہے کہ اسے پچھلے مہینے کی 16 تاریخ سے پانچ اعشاریہ ایک لاکھ نئے اندراج کے فارم موصول

ہوئے ہیں۔ اس نے کہا ہے کہ حتمی چناؤ فہرستوں کے جاری ہونے کے بعد وکاس پوری اسمبلی میں چار لاکھ 62 ہزار سے زیادہ ووٹروں کی سب سے زیادہ تعداد ہے، جبکہ دلّی کینٹ اسمبلی میں 78 ہزار 893 سب سے کم ووٹروں کی تعداد ہے۔

دفتر نے مزید کہا ہے کہ پچھلے 20 دن میں نئے اندراج کے پانچ لاکھ سے زیادہ فارمس موصول ہوئے ہیں۔ اس دوران دلّی کے CEO نے کہا ہے کہ ووٹر شناختی کارڈ حاصل کرنے کیلئے جھوٹے اور من گھڑت دستاویزات پیش کرنے کی پاداش میں 24 افراد کے خلاف 8 ایف آئی آرس داخل کی گئی ہیں۔x

## TRIPURA ELECTORAL ROLLS

تریپورہ میں 60 اسمبلی سیٹوں کے لیے حتمی ووٹر فہرست شائع کردی گئی ہے۔ اس کے مطابق رائے دہندگان کی تعداد تقریباً 28 لاکھ 91 ہزار ہے۔ ریاست کے اعلیٰ چناؤ افسر کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ 51 ہزار 303 اہل رائے دہندگان کے نام اس میں شامل کیے گے ہیں جبکہ پچھلے سال 28 نومبر تک دعوے اور اعتراضات طلب کیے جانے کے عمل کے دوران 24 ہزار 696 نام ہٹائے گئے ہیں۔x

## MANIPUR ELECTORAL ROLLS

منی پور میں اسمبلی کے سبھی 60 حلقوں کی حتمی فوٹو ووٹر فہرست شائع کردی گئی ہیں۔ اس کے مطابق مجموعی طور پر رائے دہندگان کی تعداد 20 لاکھ 54 ہزار 387 ہے۔ منی پور کے اعلیٰ انتخابی افسر پردیپ کمار جھا نے ووٹر فہرستوں کے سلسلے میں امپھال میں ایک پریس کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔x

## NDDA - HMPV

مرکزی وزیرِ صحت جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ HMP وائرس کوئی نیا وائرس نہیں ہے اور گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام میں وزیرِ صحت نے کہا کہ یہ وائرس مختلف ملکوں میں کئی سال سے موجود ہے۔ جناب نڈّا نے کہا کہ صحت کو لاحق کسی بھی طرح کے چیلنج سے فوری طور پر نمٹنے کیلئے ملک تیار ہے۔

## TN HMPV CASES

تمل ناڈو میں HMP وائرس کے دو کیس سامنے آئے ہیں۔ ان میں سے ایک معاملہ چنئی کا اور دوسرا سیلم کا ہے۔ دونوں متاثرہ افراد کی حالت مستحکم بتائی گئی ہے اور اُن کی نگرانی کی جا رہی ہے۔x

**SOUMYA SWAMINATHAN HMPV**

عالمی صحت تنظیم کی سابق اعلیٰ سائنسداں ڈاکٹر Soumya سوامی ناتھن نے کہا ہے کہ HMP وائرس کے بارے میں فکرمندی کی کوئی بات نہیں ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انھوں نے کہا کہ یہ وائرس نیا نہیں ہے اور اِس سے صرف معمولی انفیکشن ہوتا ہے۔ محترمہ سوامی ناتھن نے باقاعدگی سے ہاتھ دھونے جیسے احتیاطی اقدامات کا بھی تذکرہ کیا۔ HMP وائرس پہلی بار 2001 میں دریافت کیا گیا تھا۔ اِس کی عموی علامتوں میں کھانسی، بخار، ناک بند ہونا اور سانس لینے میں دشواری شامل ہے۔x

**PREZ-PANCHAYAT**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ حکومت درجِ فہرست قبائل سمیت معاشرے کے سبھی طبقات کی بہتری کیلئے کام کر رہی ہے۔ راشٹرپتی بھون میں مختلف ریاستوں کے پنچایتی راج اداروں کے درجِ فہرست قبائل کی خواتین نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ پنچایتی راج ادارے بھارتی جمہوریت کی مضبوط بنیاد رہے ہیں۔

صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ان اداروں نے خواتین کو بااختیار بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ تقریباً 14 لاکھ خواتین ملک بھر کے پنچایتی راج اداروں اور دیہی مقامی بلدیاتی اداروں کے منتخب ممبروں کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہی ہیں۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NEPAL TREMORS**

نیپال میں آج صبح سات اعشاریہ ایک شدت کا زلزلہ آیا۔ کاٹھمنڈو کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پوری کاٹھمنڈو وادی میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ سوشل میڈیا اطلاعات میں کہا گیا ہے کہ زلزلے کے جھٹکوں سے مکانات اور عمارتیں ہلنے لگیں اور لوگ اپنے گھروں سے باہر آگئے۔ بہار اور مغربی بنگال میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ لوگوں کو گھبراکر اپنے گھروں اور اپارٹمنٹ سے باہر نکلتے ہوئے دیکھا گیا۔ ابھی تک املاک کے کسی طرح کے نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔x

**CANADA PM RESIGN**

کناڈا کے وزیرِاعظم Justin Trudeau نے حکمراں لبرل پارٹی کے لیڈر حیثیت سے اپنے استعفیٰ کا اعلان کیا

ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ وہ نئے لیڈر کا انتخاب ہونے تک وزیراعظم کے عہدے پر فائز رہیں گے۔ جناب Trudeau پچھلے گیارہ سال سے لبرل پارٹی کے رہنما ہیں اور 9 سال سے وزیراعظم کے عہدے پر فائز ہیں۔ انھیں خود اپنی پارٹی کے ارکان کی طرف سے بغاوت کا سامنا ہے اور اپنی پالیسیوں کی وجہ سے اُن کی مقبولیت بھی کم ہوتی جا رہی ہے۔ Ottawa میں ایک نیوز کانفرنس میں یہ اعلان کرتے ہوئے کناڈا کے وزیراعظم نے کہا کہ بھرپور کوششوں کے باوجود پچھلے کچھ مہینوں سے پارلیمنٹ کا کام کاج ٹھپ ہونے کے تناظر میں انھوں نے یہ فیصلہ کیا ہے۔x

**US CONGRESS-TRUMP**

امریکی کانگریس نے نومبر کے انتخابات میں ڈیموکریٹک نائب صدر کملاہیرس پر، منتخب ریپبلکن صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فتح کی باضابطہ طور پر تصدیق کی ہے، جس سے اُن کیلئے 20 جنوری کو حلف اٹھانے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ انتخابات کے نتائج کی تصدیق 50 ریاستوں اور کولمبیا ڈسٹرکٹ نے ایک رسمی تقریب کے دوران مشترکہ اجلاس میں کی، جس میں واشنگٹن میں ایوان نمائندگان اور سینٹ کے افسران شامل تھے۔ یہ اجلاس نائب صدر کی حیثیت سے سینٹ کی صدر کے طور پر محترمہ کملا ہیرس کی صدارت میں ہوا۔ آخری تصدیق ابتدائی نتائج کی بنیاد پر کی گئی، جس کے مطابق جناب ٹرمپ نے 312 الیکٹورل کالج ووٹ حاصل کئے جبکہ محترمہ ہیرس نے 226 ووٹ حاصل کئے۔x

**MAHAKUMBH WEBSITE**

183 ملکوں کے 33 لاکھ سے زیادہ افراد نے مہا کمبھ کی ویب سائٹ kumbh.gov.in سے رجوع کیا ہے۔ دنیا بھر میں یہ معتبر جانکاری کے ایک اہم وسیلے کے طور پر ابھری ہے۔ ویب سائٹ کے اعداد و شمار کے مطابق اِس مہینے کی 4 تاریخ تک دنیا بھر کے 6 ہزار 206 شہروں کے 33 لاکھ سے زیادہ لوگوں نے مہاکمبھ پورٹل دیکھی ہے۔ لوگوں نے اس پر موجود جانکاری اور معلومات حاصل کرنے کیلئے کافی وقت بھی گذارا۔ اِدھر اترپردیش سرکار مہا کمبھ کو ڈجیٹل مہا کمبھ کے طور پر پیش کر رہی ہے۔ عقیدتمندوں کی سہولت کے لیے کئی ڈجیٹل پلیٹ فارمس بنائے گئے ہیں۔x

**MUMBAI GADKARI**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کل ممبئی میں ''سڑک سرکشا ابھیان 2025'' کا افتتاح کیا۔ شاہراہوں سے متعلق بھارت کی قومی اتھارٹی کے زیرِ اہتمام سرکشا Reloaded پروگرام میں اپنے عزم کے اظہار کے طور پر جناب گڈکری نے وہاں موجود لوگوں کے ساتھ سڑک سرکشا ابھیان کے تئیں عہد کیا اور نوجوانوں میں حساسیت اور شعور کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ ذمہ داری کا اعادہ کیا، جن کا مستقبل میں روڈ سیفٹی کے تعلق سے اہم رول رہے گا۔

جناب گڈکری نے یہ بھی کہا کہ کسی حادثے میں نابالغ شخص کے ملوث ہونے کی صورت میں والدین کو اُس قانون کے بارے میں علم ہونا چاہیے جس کے تحت والدین پر کیس درج کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے اسکولی بچوں کے ساتھ گفتگو بھی کی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Bhavana**

*سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر جناب نتن گڈکری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''سڑک سُرکشا ابھیان 2025'' کے تحت، ہم ہر سفر پر مشترکہ عزم اور ذمہ داری کے ساتھ روڈ سیفٹی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلیے جمع ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید اس بات پر زور دیا کہ ہر عمل اور ہر سفر کی اہمیت ہے۔ مرکزی وزیر نے لوگوں کو سڑک کے اصولوں پر عمل کرنے کی تاکید کی، جس سے سڑک حادثات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلے سال 15 سے 18 سال کی عمر کے 10 ہزار سے زیادہ بچوں نے سڑک حادثات میں اپنی جان گنوائی۔ انہوں نے کم عمر ڈرائیونگ کے بارے میں سب کو خبردار کیا، جس کی وجہ سے 35 ہزار اموات ہوئیں۔*

*ممبئی سے بھاؤنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......*

## J&K WEATHER

جموں وکشمیر میں محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اس مہینے کی 10 تاریخ تک ممکنہ طور پر خشک موسم رہنے کے ساتھ عام طور پر آسمان اَبر آلود رہنے کا امکان ہے۔ کشمیر میں درجہ حرارت نقطہ انجماد پر رہنے کے ساتھ پورے کشمیر میں شدید سردی کا سلسلہ جاری رہے گا۔سری نگر کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پورے کشمیر خطے میں سری نگر اور کہیں سے بھی بارش اور تازہ برفباری کی کوئی خبر نہیں ہے۔ کشمیر خطے میں فی الحال 40 دن کا موسم سرما کا چلّئی کلاں جاری ہے۔

## IMD-WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اترپردیش اور راجستھان کے دور دراز کے علاقوں میں آج سخت سردی کا دن رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی کے مطابق پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور اترپردیش کے کچھ حصوں میں کل تک، رات اور صبح کے وقت میں بہت گھنا کُہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے سکم، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں آج دور دور تک ژالہ باری اور بجلی کے ساتھ گرج چمک کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ شمال مشرقی ریاستوں میں کل تک ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو روز کے دوران مغربی ہمالیائی خطے میں درجہ حرارت میں کم از کم دو سے چار ڈگری سیلسیس تک کی کمی آنے کا امکان ہے۔×

**SPORTS ROUND UP**

اسکواش میں بھارت کی اناہت سنگھ نے انگلینڈ کے برمنگھم میں 17 سال سے کم عمر لڑکیوں کے برٹش جونیئر اوپن ٹورنامنٹ میں سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔ 16 سال کی نمبر ایک بھارتی کھلاڑی نے مصر کی Malika El Karaksy کو فائنل میں تین۔دو سے ہرا دیا۔ اناہت سنگھ نے تیسری بار یہ ٹائٹل جیتا ہے۔ x

**BANGLADESH-KHALEDA**

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی BNP کی چیئرپرسن خالدہ ضیاء بہترطبی علاج کیلئے لندن جائیں گی۔ BNP سکریٹری جنرل مرزا فخرل نے اتوار کی رات کو باضابطہ طور پر اس کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا ہے کہ وہ قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماس الثانی کے ذریعہ فراہم کردہ ایک ایئر ایمبولنس سے جائیں گی۔محترمہ خالدہ ضیاء آج رات ڈھاکہ سے روانہ ہوں گی۔×

**BANGLADESH-ICT**

بنگلہ دیش میں جرائم سے متعلق بین الاقوامی Tribunal، ICT نے سبکدوش وزیراعظم شیخ حسینہ اور اُن کے سابق دفاعی مشیر میجر جنرل (ریٹائرڈ) طارق احمد صدیقی سمیت 11 افراد کے خلاف گرفتاری وارنٹ جاری کئے ہیں۔ یہ وارنٹ گزشتہ 15 برسوں میں عوامی لیگ کی حکومت کے دور اقدار کے دوران غیر قانونی ہلاکتوں اور لوگوں کے اچانک غائب ہوجانے سے متعلق دو معاملوں کے سلسلے میں جاری کئے گئے ہیں۔

جسٹس محمد غلام مرتضٰی مجمدار کی قیادت والے Tribunal نے چیف استغاثہ محمد تاج الاسلام کی ایک عرضداشت پر کارروائی کرتے ہوئے یہ حکم جاری کیا ہے۔ Tribunal نے اپنی ہدایات میں شیخ حسینہ اور دیگر کو گرفتار کرنے اور 12 فروری تک عدالت میں پیش کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔×

**NEPAL-SNP HELICOPTER**

نیپال میں مقامی حکام اور نیپال کی ایئر لائن آپریٹرس ایسوسی ایشن کے درمیان تنازعات کے بعد Sagarmatha نیشنل پارک (SNP) نے ایوِرسٹ خطے میں ہیلی کاپٹر فلائٹ سے متعلق پابندیوں میں نرمی کی ہے۔ اس سے پہلے SNP نے ماحولیات سے متعلق تشویش، زیادہ شور شرابے اور کاروباری سرگرمیوں کو منضبط کرنے کی ضرورت کا حوالہ دیتے ہوئے پہلی جنوری سے شروع ہونے والی کمرشیل ہیلی کاپٹر پروازوں کو روک دینے کی ہدایات دی تھیں۔ ایورِسٹ خطے میں ہیلی کاپٹر خدمات سیاحت،تعمیر اور ہنگامی حالات میں باہر نکالنے میں کلیدی رول ادا کرتی ہیں۔

ساگر ماتھا نیشنل پارک کو 1979 سے یونیسکو کے عالمی ورثے کے ایک فطری مقام کی حیثیت سے تسلیم کیا جا چکا ہے۔

مذکورہ پارک ہر سال ہزاروں کی تعداد میں سیاحوں کو راغب کرتا ہے اور اس نے مقامی علاقے کے فروغ اور ملک کی معیشت میں اہم تعاون دیا ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا، پرتاپ، سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں ورچوئل وسیلے سے جموں و کشمیر، تلنگانہ اور اڑیسہ کے ریلوے کے تین پروجیکٹوں کا افتتاح کیے جانے کی خبر کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے اِس خبر کے تعلق سے وزیراعظم کے اس بیان کو پیش کیا ہے کہ جموں و کشمیر کا قومی ریلوے نیٹ ورک میں انضمام ایک تاریخی کامیابی ہے۔ بھارت نے افغانستان میں پاکستانی فضائیہ کے حملے کی مذمت کی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

وزیر داخلہ امت شاہ آج CBI کے بھارت پول پورٹل کا افتتاح کریں گے، یہ خبر بھی سبھی اخباروں کی سرخی ہے۔ چھتیس گڑھ میں ماؤنوازوں کے حملے میں سیکیورٹی فوج کے 8 جوانوں کے شہید ہونے سمیت 9 افراد کے ہلاک ہونے کی خبر سبھی اخباروں میں ہے۔ بھارت میں HMPV وائرس کے تین معاملوں کی تصدیق ہونے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا، پرتاپ اور دیگر کئی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی اور کانگریس کے صدر ملکا ارجن کھڑگے نے شری گرو گوبند جی کو پرکاش پرو پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ اور راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحے پر جبکہ دیگر اخباروں نے اپنے اندرونِ صفحات میں پیش کیا ہے۔ شمالی بھارت شدید ٹھنڈ اور کہرے کی گرفت میں، اس خبر کو راشٹریہ سہارا نے پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ انٹرپول کے ذریعے ریڈ کارنر نوٹسوں کو مربوط بنانے کیلئے آج **Bharatpol** پورٹل کا آغاز کرنے والے ہیں۔

2- دلی میں آسمبلی انتخابات سے قبل اعلیٰ چناؤ دفتر نے حتمی ووٹر فہرست جاری کردی ہے۔ ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ رائے دہندگان کا نام درج کیا گیا ہے۔

3- نیپال میں آج صبح سات اعشاریہ ایک شدت کا زلزلہ آیا۔ بہار اور مغربی بنگال میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

4- کناڈا کے وزیراعظم **Justin Trudeau** نے اپنے استعفیٰ کا اعلان کیا ہے۔

5- اور : اسکواش میں بھارت کی اناہت سنگھ نے انگلینڈ کے برمنگھم میں 17 سال سے کم عمر لڑکیوں کے برٹش جونیئر اوپن ٹورنامنٹ میں سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---